State Bank of Pakistan

# عمومی مالی و معاشی اصطلاحات

# Frequently Used Financial & Economic Terms



# عمومی مالی و معاشی اصطلاحات

**قرضوں اور ڈپازٹ کا تناسب** (advances to deposit ratio)

ایسا تناسب جس میں قرضوں (ایڈوانسز) کی پیمائش ڈپازٹس کے فیصد کے طور پر کی جاتی ہے

**سالانہ فیصد شرح** (annual percentage rate –APR)

ایک سال میں قرض لینے پر آنے والی مجموعی لاگت، جس میں شرح سود اور فیس دونوں شامل ہوتے ہیں

**ادائیگیوں کا توازن** (balance of payments)

ایک مخصوص مدت میں کسی ملک میں رقوم کی آمد اور ملک سے باقی دنیا کو بھیجی گئی رقوم کے درمیان فرق

**تجارتی توازن** (balance of trade)

کسی ملک کی اشیا کی درآمدات اور برآمدات کی مالیت کے درمیان فرق

**مبادلہ بل** (bill of exchange)

ایسی تحریری دستاویز جس کے تحت ایک فریق کو پابند کیا جائے کہ وہ کسی اور فریق کو طلب کرنے پر یا پہلے سے طے شدہ تاریخ پر ایک مقررہ رقم ادا کرے

**قرض گیری / قرض لینا** (borrowing)

کسی بینک یا دیگر مالی ادارے سے قرض لے کر اسے ایک مخصوص مدت میں واپس کرنا

**بلا دفتر بینکاری** **(branchless banking)**

برانچوں پر مبنی روایتی بینکاری کا سستا متبادل، جس میں مالی اداروں اور دیگر کمرشل فریقوں کو خردہ ایجنٹوں، موبائل فون وغیرہ جیسے ذرائع استعمال کرتے ہوئے مالی خدمات فراہم کرنے کی اجازت ہوتی ہے

**زرِ وسیع** **(broad money -M2)**

کسی معیشت میں مجموعی زر کی رسد اخذ کرنے کا سب سے زیادہ شمولیتی طریقہ، جس میں قابل استعمال زر اور دیگر اثاثوں کو شامل کیا جاتا ہے، جنہیں فوری طور پر اشیا اور خدمات کی خریداری کے لیے نقد میں تبدیل کیا جا سکتا ہو۔

**بجٹ کا خسارہ** **(budget deficit)**

بجٹ کی مدات میں آمدنی سے زائد اخراجات کے سبب خسارہ

**سرمایہ کھاتہ** **(capital account)**

سرمایہ جاتی رقوم کی آمد اور اخراج کا اندراج جو کسی ملک کے بیرونی اثاثوں اور واجبات کو براہ راست متاثر کرے

**نقد جمع کرانے کی مشین** **(cash deposit machine)**

ایک ٹرمینل جس پر صارفین خود براہ راست اپنے اکاؤنٹس میں نقد رقم جمع کروا سکتے ہیں

**نقدِ محفوظ کا تناسب** **(cash reserve ratio - CRR)**

ضابطہ جس کے تحت کمرشل بینکوں کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنے ڈپازٹس کا ایک مخصوص تناسب نقدِ محفوظ کے طور پر مرکزی بینک کے پاس رکھیں

**گردشی قرضہ** **(circular debt)**

غیر اداشدہ حکومتی سبسڈیز، جیسا کہ بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں پر چڑھ جانے والا سرکاری قرض

**کمرشل بینک** **(commercial bank)**

ایسا مالی ادارہ جو عوام سے ڈپازٹس قبول کرے، انہیں مختلف مالی آلات فراہم کرے، اور بچت کھاتوں اور قرضوں کی خدمات کی پیشکش کرے

**کمرشل تمسک** **(commercial paper)**

قرض کا ایسا آلہ جسے کارپوریشنز اپنی قلیل مدتی مالی ضروریات پوری کرنے میں استعمال کرتی ہیں

**صارفی قرضے** **(consumer finance)**

کمپنیوں کے بجائے افراد کو ذاتی قرضے دینے کا کاروبار

**صارف اشاریہ قیمت** **(consumer price index –CPI)**

عام صارف کے استعمال کی اشیا اور خدمات کی قیمتوں کی ایک فہرست، جس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ قیمتوں میں ہر مہینے کتنی تبدیلی ہوئی

**قوزی مہنگائی** **(core inflation)**

مہنگائی کا پیمانہ جس میں زیر استعمال اشاریہ قیمت میں سے متغیر قیمتوں والی اشیا (جیسے توانائی اور غذا) خارج کر دی جاتی ہیں

**کوپن** **(coupon)**

بانڈ پر کی جانے والی میعادی ادائیگیاں جن کا تعین کوپن کی شرح کے مطابق کیا جاتا ہے

**کریڈٹ کارڈ** **(credit card)**

ایک پلاسٹک کارڈ جسے اشیا اور خدمات کی خریداری میں استعمال کیا جا سکتا ہے اور اس کی رقم بعد میں ادا کی جاتی ہے

**زیر گردش کرنسی** **(currency in circulation – CIC)**

کسی معیشت میں خریدار اور فروخت کار کے درمیان لین دین کے لیے دستیاب نوٹ، سکّے، یا نقدی کی کوئی بھی مادی شکل زیرِ گردش کرنسی میں شامل ہوتے ہیں، مزید برآں مرکزی بینک کی تجوری (vault) میں محفوظ نوٹ، سکّے، یا نقدی زیرِ گردش کرنسی میں شامل نہیں ہیں

**جاری کھاتے کا خسارہ / فاضل رقم** **(current account deficit/ surplus)**

ملک میں برآمدات، خدمات، مثلاً غیر ملکی قرضوں پر سود، بیمہ نقل و حمل کی ادائیگیوں اور رسید یابیوں سے آنے والی یا ان ہی مدات یا درآمدات کی شکل میں ملک سے جانے والی رقم کے درمیان فرق

**ترقیاتی مالی ادارہ** **(development finance institution – DFI)**

ایک خصوصی ترقیاتی بینک یا ذیلی ادارہ جسے کسی ترقی پذیر ملک میں بالخصوص نجی شعبے کی ترقی کے لیے بنایا گیا ہو

**ڈجیٹل والٹ یا ای-والٹ** **(digital wallet or e-wallet)**

موبائل، ٹیبلٹ اور دیگر آلات پر استعمال ہونے والی ایک قسم کی مالی ایپلی کیشن جو صارف کو رقوم محفوظ کرنے، لین دین اور صارف کی ادائیگی کی معلومات جمع کرنے میں مدد دیتی ہے۔

**الیکٹرانک منی انسٹی ٹیوشن** **(electronic money institution – EMI)**

وہ ادارہ جو چھوٹی مالیت کی ڈجیٹل ادائیگی کے جدید، صارف دوست اور کم خرچ طریقے پیش کرے، مثلاً ای والٹ، پری پیڈ کارڈ اور ادائیگی کے فاصلاتی طریقے

**بیرونی شعبہ** **(external sector)**

کسی ملک کی معیشت کا وہ جز جو دوسرے ملکوں کی معیشتوں سے تعلق رکھتا ہو

**مالی شمولیت** **(financial inclusion)**

افراد اور کاروباری اداروں کی اُن مفید اور قابلِ استطاعت مالی مصنوعات اور خدمات تک رسائی، جو اُن کی ضروریات کو پورا کرتی ہیں

**مالی شعبہ** **(financial Sector)**

معیشت کا وہ جز جو کاروباری و تجارتی صارفین اور خردہ صارفین کو مالی خدمات مہیا کرنے والی فرموں اور اداروں پر مشتمل ہو

**فن ٹیک** **(fintech)**

بینکاری اور مالی خدمات فراہم کرنے کے لیے استعمال ہونے والے کمپیوٹر پروگرام اور دیگر ٹیکنالوجی

**مالیاتی توازن** **(fiscal balance)**

حکومت کے اخراجات اور محصولات کے درمیان توازن

**مالیاتی یکجائی** (fiscal consolidation)

ایسی حکومتی پالیسیاں جن کا مقصد بجٹ خسارہ اور سرکاری قرضہ کم کرنا ہو

**بیرونی براہِ راست سرمایہ کاری** (foreign direct investment – FDI)

وہ سرمایہ کاری جو دوسرے ممالک کے لوگوں یا تنظیموں کی جانب سے کسی ملک کی کمپنیوں، املاک، یا دیگر اثاثوں میں کی جاتی ہے

**سبز بینکاری/ماحول دوست بینکاری** (green banking)

بینکاری کا ایک نیا پائیدار طریقہ جو ماحولیاتی خطرات کو کم کرنے اور ماحول پر مثبت اثر ڈالنے کے لیے مالی خدمات فراہم کرتا ہے

**بلند تعدد کے اظہاریے** (high-frequency indicators)

معاشی اعدادوشمار کے وہ نکات جنہیں روایتی اظہاریوں کے مقابلے میں زیادہ مرتبہ اکٹھا کر کے جاری کیا جاتا ہے

**اجارہ صکوک** (Ijarah Sukuk)

اسلامی بانڈز جنہیں اجارہ کے اصولوں پر جاری کیا جاتا ہے

**شرح سود کی راہداری** (interest rate corridor)

زری پالیسی کا ایک آلہ جو مرکزی بینک اس لیے استعمال کرتا ہے کہ قلیل مدتی شرح سود ایک مخصوص حد کے اندر کنٹرول کی جاسکے

**استصناع** (Istisna)

ایک پیشگی معاہدہ جس میں خریدار کسی اشیاساز (مینوفیکچرر) کو کوئی مخصوص شے بنانے کی ہدایت کرتا ہے جسے آئندہ کسی تاریخ پر خریدار کو فراہم کیا جائے۔

**خریف کی فصلیں** (Kharif crops)

موسم گرما یا جون کے مہینے سے بوئی جانے والی فصلیں جو ستمبر سے اکتوبر کے درمیان کاٹی جاتی ہیں۔ کپاس، گنا، چاول خریف کی اہم فصلیں ہیں۔

**بڑے پیمانے کی اشیا سازی** (large scale manufacturing – LSM)

وہ کاروباری ادارے جو سرمایہ جاتی سرمایہ کاری، افرادی قوت، اور پیداواری استعداد کے لحاظ سے بڑے پیمانے پر کام کرتے ہیں

**قانونی زر** (legal tender)

وہ زر جسے کوئی ملک یا سیاسی اکائی قانونی طور پر اپنی سرحدوں میں مالی لین دین کے لیے استعمال کرنے کی اجازت دیتی ہے

**قرض گاری** (lending)

کسی فرد یا ادارے کو ایک معاہدے کے تحت رقم کے استعمال کی اجازت دینا، جسے بعد میں وہ ادا کرنے کے پابند ہوں

**سیالیت** (liquidity)

سرمایہ کاری یا جائیداد کے بجائے حقیقی زر کی شکل میں موجود نقدی، یا کسی ایسی صورت میں جو آسانی سے زر میں تبدیل ہو سکے

**مارک اپ** (mark-up)

کسی چیز کو دوبارہ فروخت کرنے سے پہلے اس کی قیمت میں کیا گیا اضافہ

**خردمالکاری / مائیکروفنانس** (microfinance)

عام طور پر روایتی بینکاری کے دائرے سے باہر کم آمدنی والے افراد، گروپ یا چھوٹے کاروباری اداروں کو فراہم کی جانے والی مالی خدمات

**خردمالکاری / مائیکروفنانس بینک** (microfinance bank-MFB)

وہ بینک جو کم آمدنی والے افراد، گروپ یا چھوٹے کاروباری اداروں کو مالی خدمات فراہم کرتا ہے

**رہن** (mortgage)

ایک قانونی معاہدہ جس کی رُو سے بینک، بلڈنگ سوسائٹی وغیرہ قرض لینے والوں کی جائیداد کی ملکیت کے عوض سود پر قرضہ دیتے ہیں، اس شرط پر کہ قرض کی ادائیگی کے بعد ملکیت کی منتقلی کالعدم ہو جائے گی

**مرابحہ** (Murabaha)

اسلامی مالیات کا ایک ڈھانچا جو فروخت کے معاہدے کے طور پر کام کرتا ہے جس کے ذریعے کسی صارف کو درکار سامان یا اشیا کی قیمت مقرر کی جاتی ہے

**مشارکہ** (Musharakah)

اسلامی مالیات میں مشترکہ کاروبار یا شراکت داری کا ایک نظام، جس میں شرکا نفع اور نقصان دونوں میں حصہ دار ہوتے ہیں

**نامیہ موثر شرح مبادلہ** (nominal effective exchange rate -NEER)

کئی غیر ملکی کرنسیوں کی بہ وزن اوسط کے مقابلے میں کرنسی کی قدر جانچنے کا ایک پیمانہ

**خالص ملکی اثاثے** (net domestic assets -NDA)

کسی ملک کے مالی شعبے کے مجموعی اثاثوں کا وہ حصہ جو ملک کے اندرونی مالی اثاثوں اور اندرونی واجبات کے فرق کو ظاہر کرتا ہے

**خالص بیرونی اثاثے** (net foreign assets -NFA)

کسی ملک کے مالی شعبے کے مجموعی اثاثوں کا وہ حصہ جو ملک کے بیرونی مالی اثاثوں اور بیرونی واجبات کے فرق کو ظاہر کرتا ہے

**اوور دی کاؤنٹر** (over-the-counter -OTS)

دو فریقوں کے درمیان تمسکات کا لین دین جو رسمی تبادلے سے بالاتر اور ایکسچینج ریگولیٹر کی نگرانی کے بغیر ہو

**پیمنٹ سسٹم آپریٹرز (پی ایس اوز)** (payment system operators -PSOs)

کسی نظامِ ادائیگی کو چلانے اور اس کا انتظام کرنے کے قانونی طور پر مجاز ادارے

**پیمنٹ سسٹم پرووائڈرز (پی ایس پیز)** (payment system providers -PSPs)

وہ کمپنیاں جو صارفین، کاروباری اداروں اور بینکوں کے درمیان برقی ادائیگی (electronic payment) کے لین دین کو آسان بناتی ہیں

**پوائنٹ آف سیل(پی اوایس)** **(point-of-sale-POS)**

دکان، ڈیلر یا کوئی اور خردہ مرکز جہاں کوئی شے فروخت کی جاتی ہے

**پوائنٹ آف سیل ڈیوائس(پی اوایس ڈیوائس)** **(point-of-sale-POS device)**

وہ مشین یا آلہ جو کسی دکان، ڈیلر یا کسی اور خردہ مرکز پر بلا نقد (کیش لیس) ادائیگی میں سہولت کے لیے استعمال کی جاتی ہے

**پالیسی ریٹ** **(policy rate)**

وہ ریٹ جسے کوئی مرکزی بینک زری پالیسی کا اشارہ دینے یا نافذ کرنے کے لیے استعمال کرتا ہے

**ابتدائی / پرائمری توازن** **(primary balance)**

حکومت کی آمدنی اور اس کے اخراجات (علاوہ سودی ادائیگیاں) کے درمیان فرق

**ابتدائی / پرائمری مارکیٹ** **(primary market)**

وہ مارکیٹ جس میں پہلی بار نئے تمسکات (سیکیورٹیز) کا اجرا ہوتا ہے۔ یہ کارپوریشنوں، حکومتوں یا دیگر اداروں کے لیے سرمایہ اکٹھا کرنے کا ابتدائی قدم ہوتا ہے

**پرومیسری نوٹ** **(promissory note)**

وہ مالی آلہ جس میں ایک فریق دوسرے فریق کو مخصوص رقم ادا کرنے کا وعدہ کرتا ہے

**قوتِ خرید / خریداری کی استطاعت** **(purchasing power)**

اشیا اور خدمات خریدنے کی مالی استعداد

**ربیع کی فصلیں** **(Rabi crops)**

موسمِ سرما (اکتوبر سے دسمبر کے درمیان) میں بوئی جانے والی فصلیں جو موسم بہار (مارچ سے مئی کے درمیان) میں کاٹی جاتی ہیں۔ گندم، جو، سرسوں اور چنا ربیع کی اہم فصلیں ہیں

**حقیقی مجموعی ملکی پیداوار** (real GDP)

ایک پیمانہ جس میں مہنگائی کے مطابق ردوبدل کرتے ہوئے کسی مخصوص سال میں معیشت کی تمام اشیااور خدمات کی پیداوار کی مجموعی قدر کی عکاسی کی جاتی ہے

**حقیقی شعبہ** (real sector)

معیشت کا وہ حصہ جو براہ راست اشیااور خدمات پیدا کرتا ہے۔ اس میں مادی اشیااور خدمات کی پیداوار اور کھپت شامل ہے

**بروقت مجموعی چکتائی کا نظام** (Real Time Gross Settlement System – RTGS)

ایک ایسا خودکار نظام جو بینکوں کے درمیان بالخصوص بڑی مالیت کی فوری ادائیگی کو ممکن بناتا ہے

**حقیقی موثر شرح مبادلہ / ریئل ایفیکٹو ایکسچینج ریٹ** (real effective exchange rate – REER)

ایک معاشی اظہاریہ جو مہنگائی کے اثرات کو شامل کرتے ہوئے کسی ملک کی کرنسی کی قدر کو دیگر ملکوں کی کرنسیوں کے مقابلے میں مجموعی طور پر ظاہر کرتا ہے

**ترسیلاتِ زر** (remittances)

وہ رقم جو بیرون ملک مقیم افراد اپنے آبائی ملک یا وطن میں اہل خانہ کی کفالت کے لیے بھیجتے ہیں

**نفع بخش ڈپازٹس** (remunerative deposits)

ایسے ڈپازٹس جن میں منافع کمانے کے ارادے سے سرمایہ کاری کی جاتی ہے

**اثاثوں پر منافع** (return on assets – ROA)

منافع کا تناسب جو ظاہر کرتا ہے کہ کمپنی اپنے اثاثوں سے کتنا منافع حاصل کرتی ہے

### ایکویٹی پر منافع (return on equity – ROE)

کسی کمپنی کی مالی کارکردگی کو جانچنے کا ایک پیمانہ جو کمپنی کی خالص آمدنی کو شیئر ہولڈرز کی ایکویٹی پر تقسیم کرکے نکالا جاتا ہے۔ چونکہ شیئر ہولڈرز کی ایکویٹی کمپنی کے اثاثوں (علاوہ قرض) کے برابر ہوتی ہے لہٰذا ROE خالص اثاثوں پر کمپنی کے منافع کو ظاہر کرنے کا ایک طریقہ ہے

### سلم (Salam)

'سلم'، فروخت کا ایک معاہدہ، جس میں بیچنے والا خریدار کو مستقبل کی تاریخ میں کچھ مخصوص چیز فراہم کرنے کا عہد کرتا ہے جس کے بدلے میں مکمل طور پر پیشگی ادائیگی کی جاتی ہے، لہٰذا، قیمت نقد میں ادا کی جاتی ہے جبکہ خریدی گئی اشیا کی ترسیل بعد میں کی جاتی ہے، شرعی اصولوں سے ہم آہنگ تجارتی مالکاری کی ایک قسم

### ثانوی بازار / سیکنڈری مارکیٹ (secondary market)

وہ بازار جہاں سرمایہ کار تمسکات اور اثاثے براہِ راست انہیں جاری کرنے والی کمپنیوں کے بجائے دوسرے سرمایہ کاروں سے خریدتے ہیں

### حساس قیمت اظہاریہ (sensitive price indicator – SPI)

ایک اظہاریہ جس کے ذریعے مختصر وقفوں (ہفتہ وار بنیاد) پر ضروری صارفی اشیا کی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ کا اندازہ لگایا جاتا ہے تاکہ اصلاحی اقدامات کیے جاسکیں

### لازمی شرحِ سیالیت (statutory liquidity requirement – SLR)

سیال اثاثوں کی وہ مقدار جو بینک کو اپنے ذخائر میں رکھنا ضروری ہے

### تکافل (Takaful)

بیمے کا اسلامی متبادل جو سماجی یکجہتی، تعاون اور ارکان کے نقصانات کی باہمی ضمانت پر مبنی ہے۔ لفظ 'تکافل' عربی لفظ "کفالہ" سے ماخوذ ہے جس کے معنی ہیں "ضمانت" اور "نگہبانی کرنا"

### تھوک اشاریہ قیمت / ہول سیل پرائس انڈیکس (wholesale price index – WPI)

بنیادی اور تھوک مارکیٹوں میں منتخب اشیا کی قیمتوں میں تبدیلیوں کی پیمائش کرنے کے لیے تشکیل دیا گیا اشاریہ

**منافع/ایلڈ (yield)**

اسٹاک، بانڈ، یا دیگر اثاثوں میں سرمایہ کاری پر ایک خاص مدت کے دوران حاصل ہونے والی آمدنی، سرمایہ کاروں کو یہ آمدنی سود یا منافع منقسمہ(dividends)کی صورت میں ہو سکتی ہے

**خطِ یافت/ایلڈ کرو (yield curve)**

گراف پر ظاہر کیا گیا خط جو بانڈز پر منافع یا سود کی شرحوں کو ظاہر کرتا ہے، ان بانڈز کی مالیت یکساں ہوتی ہے لیکن ان کی عرصیت کی تاریخیں مختلف ہوتی ہیں

**صفر کوپن والے بانڈ (zero coupon bond)**

قرض کے وہ تمسکات جو باقاعدہ معینہ وقفوں سے یا باقاعدہ سود ادا نہیں کرتے بلکہ انہیں عرفی قیمت سے ایک کٹوتی پر جاری کیا جاتا ہے۔ مثلاً حکومتِ پاکستان کے جاری کردہ ٹریژری بلز